الیکشن کمیشن آف پاکستان

(دوئم)

پریس ریلیز

12 ستمبر 2023ء اسلام آباد

اراکین پارلیمنٹ وصوبائی اسمبلی ممبران کے اثاثوں اورواجبات کے گوشوارے برائے مالی سال 23-2022 کے جمع کروانے کی حتمی تاریخ 31 دسمبر 2023 ہے۔

اسلام آباد12 دسمبر 2023۔الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 137 کے تحت تمام اراکین پارلیمنٹ وصوبائی اسمبلی کے ممبران کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے بشمول شریک حیات و زیرکفالت بچوں کے اثاثوں اورواجبات کے گوشوارے برائے مالی سال 23-2022 مجوزہ فارم۔بی کی صورت میں مقررہ تاریخ سے پہلے یا 31 دسمبر 2023 تک الیکشن کمیشن کے پاس جمع کروادیں۔

سیکشن 137 کے مندرجات ذیل میں بھی دیے جاتے ہیں۔

سیکشن-137 اثاثہ جات اورواجبات کے گوشواروں کی فراہمی۔

1۔ ہرممبراسمبلی وسینٹ گذشتہ 30 جون تک کے اپنے بشمول شریک حیات و زیرکفالت بچوں کے اثاثوں اورواجبات کے گوشوارے بصورت مجوزہ فارم۔بی ہرسال 31 دسمبر سے پہلے یا 31 دسمبر تک الیکشن کمیشن کے پاس جمع کروائے گا۔

2۔ سیکشن 137 کی ذیلی شق (1) کے تحت کمیشن ایک پریس ریلیز کے ذریعے ہرسال یکم جنوری کو مقررہ تاریخ تک مطلوبہ گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے نام شائع کرے گا۔

3۔ 16 جنوری کوایک حکم کے تحت کمیشن 15 جنوری تک مذکورہ گوشوارے جمع نہ کروانے والے اراکین پارلیمنٹ وصوبائی اسمبلیوں کے ممبران کی رکنیت معطل کردے گا اور مذکورہ گوشوارے جمع نہ کروانے تک وہ پارلیمنٹ واسمبلی کی کسی بھی کاروائی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

4۔ اگرکوئی ممبراپنے پیش کردہ گوشواروں میں کسی قسم کی غلط معلومات فراہم کرنے کامرتکب پایا گیاتو کمیشن سیکشن 137 کے تحت گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ سے 120 دن کے اندراس بدعنوانی کے جرم کے ارتکاب کی پاداش میں کاروائی کرے گا۔

2۔ اس حوالے سے تیارکردہ ہدایات/راہنمائی کے ساتھ مقررہ فارم۔بی الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد،متعلقہ صوبائی الیکشن کمشنر کے دفاتر،سینٹ سیکرٹریٹ،قومی وصوبائی اسمبلیوں کے سیکرٹریٹ سے مفت حاصل کیا جاسکتا ہے۔مزید برآں،فارم۔بی الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

****